سوال

(186)دسواں سوال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دسواں :

وَأَوصىٰنى بِالصَّلوٰةِ وَالزَّكوٰةِ مادُمتُ حَيًّا ٣١ ... سورة مريم

اورجب تک زندہ رہوں مجھ کو نمازاورزکوۃ کاارشادفرمایاہے

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قرآن مجید میں ذکر فرمایا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جوماں کی گودمیں کلام کیا تھا اس میں ایک یہ جملہ بھی تھاکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے انہیں یہ حکم بھی دیا ہے کہ وہ جب تک زندہ رہیں نمازپڑھتے اورزکوۃ ادا کرتے رہیں اس میں نہ تو ان کی زندگی کی تحدید ہے اورنہ ہی ان کی وفات کے وقت کا بیان ہے اس کا ذکر تو ان آیت میں ہے جو قبل ازیں بیان کی جاچکی ہیں اوراصول یہ ہے کہ مجمل نصوص کو مفصل پر محمول کیا جاتا ہے بعض کو بعض سے الگ نہیں کیا جاتا اورنہ محض متشابہ آیات ہی کولے کراس طرح کوئی فیصلہ کیا جاتا ہے کہ آیات محکمات کوچھوڑدیا جائے کیونکہ یہ سب آیات اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور بعض آیات بعض دیگروضاحت اورتصدیق کرتی ہیں ۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38